رمضان کے قضا روزوں سے پہلے شوال کے چھ روزے رکھنا

ادارہ

سوال

اگر رمضان کے کچھ روزے چھوٹ گئے ہوں تو کیا شوال کے ۶ ؍روزے رکھ سکتے ہیں؟ یا پھر پہلے رمضان المبارک کے روزے قضا کرنے پڑیں گے؟

الجواب حامدًا و مصليًا

صورتِ مسئولہ میں بہتر یہ ہے کہ پہلے فوت شدہ روزوں کی قضا کرے، پھر شوال کے روزے رکھے، لیکن اگر پہلے شوال کے روزے رکھے تو یہ بھی جائز ہے۔ شامی میں ہے:

’’(وقضوا ما قدروا بلافدية و ولاء) لأنهٗ على التراخي ولذا جاز التطوع قبلهٗ.

(قوله: جاز التطوع قبلهٗ) ولوكان الوجوب على الفور لكره، لأنهٗ يكون تأخيرًا للواجب عن وقته المضيق.‘‘

(كتاب الصوم، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم، ج:۲، ص:۴۲۳، ط: سعيد)

فقط واللہ اعلم

فتویٰ نمبر: 7870-1440

دارالافتاء: جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن